کچھ "الشریعہ" کے بارے میں

محترم قارئین!

زیر نظر شمارے کے ساتھ "الشریعہ" کی نویں جلد مکمل ہو جائے گی اور جنوری ۹۹ء سے دسویں جلد کا آغاز ہوگا' ان شاء اللہ

بہت سے دوستوں کا تقاضا ہے کہ اشاعت کا دورانیہ کم سے کم کر کے "الشریعہ" کو ہفت روزہ جریدہ کی شکل دی جائے اور کسی ایک عنوان کے لیے مخصوص کرنے کے بجائے اس کی ہر اشاعت میں قارئین کو تازہ ترین عالمی صورت حال' عالم اسلام کے معروضی مسائل اور پاکستان میں نفاذ اسلام کی جدوجہد کے بارے میں معلوماتی فکری وعلمی مواد مہیا کیا جائے۔ خود ہم بھی ملک میں ایک ایسے جریدے کی ضرورت محسوس کر رہے ہیں جو مذکورہ بالا امور کے حوالے سے علماء حق اور اہل حق کی ترجمانی کی ذمہ داری نباہ سکے مگر وسائل کی تنگ دامنی مسلسل رکاوٹ ہے اور ہم خود کو اس پوزیشن میں نہیں پا رہے کہ قارئین کی خواہشات اور مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق کوئی معیاری ہفت روزہ سامنے لا سکیں۔ البتہ "بنیادی ضروریات" کے دائرے میں رہتے ہوئے "الشریعہ" کو پندرہ روزہ میگزین کی شکل دینے کی تجویز زیر غور ہے جو مجوزہ پروگرام کے مطابق 23x36/8 سائز کے بیس صفحات پر مشتمل ہوگا اور اس کے ذریعہ مذکورہ بالا مسائل کے دائرہ میں قارئین کے ساتھ فکری وعلمی رابطے کو مسلسل قائم رکھنے کی کوشش کی جائے گی۔

یہ پروگرام ابھی تجویز کے درجے میں ہے اور قارئین سے اس کے بارے میں رائے طلب کی جا رہی ہے۔ اگر دوستوں نے اسے پسند کیا اور تعاون کے باب میں حوصلہ افزائی کی امید دلائی تو دسویں جلد کا آغاز اس پروگرام کے مطابق کیا جا سکتا ہے۔

تعاون کے حوالہ سے ہم اپنے قارئین اور احباب سے مندرجہ ذیل امور کی توقع رکھتے ہیں:

--- ○ خود سالانہ خریدار بنیں اور دیگر دوستوں کو بھی توجہ دلا کر خریدار بنائیں۔

--- ○ دینی ادارے اور مراکز نیز تجارتی ادارے اشتہارات کی صورت میں تعاون کریں۔

--- ○ اصحاب خیر اپنے حلقے کے ایسے افراد' طلبہ' دینی مراکز اور لائبریریوں کی طرف سے سالانہ زر خریدار ادا کریں جو خود سالانہ چندہ دینے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔

اس پروگرام کی صورت میں

--- ○ ایک پرچہ کی قیمت پانچ روپے اور سالانہ زر خریداری ایک سو روپے ہوگا۔

--- ○ اشتہارات کا نرخ آخری صفحہ کے لیے دو ہزار روپے اور اندرونی صفحات کے لیے پندرہ سو روپے ہوگا

--- ○ پانچ سالانہ خریدار یکمشت مہیا کرنے والے دوست کو ایک سال کے لیے بلا معاوضہ پرچہ بھجوایا جائے گا۔

--- ○ دس سے زائد پرچے منگوانے کی صورت میں بیس فی صد کمیشن پر ایجنسی دی جائے گی جس کے لیے بیس روپے فی پرچہ پیشگی زر ضمانت جمع کرانا ضروری ہوگا۔

ازراہ کرم اس سلسلہ میں اپنی رائے اور تجاویز ۳۰ نومبر ۹۸ء سے قبل ارسال کر دیں تاکہ قارئین کی آراء اور تجاویز کی روشنی میں اگلے پروگرام کا تعین کیا جا سکے۔

(ادارہ)